© rasailojaraid.com

## اخبار الجامعہ

## مولانا عبدالمالک مجاہد کی جامعہ میں تشریف آوری

انٹرنیشنل مکتبہ دارالسلام الریاض سعودی عرب کے ڈائریکٹر جنرل فضیلۃ الشیخ عبدلمالک مجاہد تعزیت کیلئے جہلم تشریف لئے۔ ان کے ہمراہ حافظ عبدالعظیم صاحب بھی تھے۔ انہوں نے حافظ عبدالحمید عامر دیگر ورثاء سے اظہارِ تعزیت کیا۔ نمازِ مغرب کے فوراً بعد معزز مہمان نے اساتذہ وطلبہ سے خطاب بھی کیا

## اظہر گارمنٹس کا افتتاح

شیخ محمد اسحاق صاحب کے چھوٹے صاحبزادے شیخ محمد اظہر نے مین بازار میں اظہر گارمنٹس کے نام سے کاروبار شروع کیا ہے۔ اس نئی دکان کا افتتاح 27 اپریل کو حافظ عبدالحمید عامر نے کیا۔ اس موقع پر حافظ صاحب نے اسلامی اصولِ تجارت کے موضوع پر قرآن وحدیث کی روشنی میں مختصر خطاب کیا۔

## وفیات

## ایاز محمود، محمود احمد، مسعود احمد اور محمد آفتاب صاحبان کو صدمہ

ہمارے جماعتی ساتھی ایاز محمود برادران کے بڑے بھائی ممتاز احمد ولد مولوی نذیر حسین مرحوم (گلی تحصیلداراں) مورخہ 30 اپریل بروز منگل کو طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرکزی جنازہ گاہ میں ان کی نماز جنازہ حافظ عبدالحمید نے پڑھائی۔

## عبدالرشید صاحب اور ظفر اقبال زرگر کو صدمہ

عبدالرشید صاحب کی اہلیہ اور ظفر اقبال زرگر کی والدہ گزشتہ دنوں انگلینڈ میں وفات پا گئیں۔ مورخہ 10 مئی بروز جمعہ کو ان کی نماز جنازہ مرکزی جنازہ گاہ میں حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

## محمد سعید بن محمد مہدی خان (الیکٹریشن) کو صدمہ

محمد سعید صاحب کے بھانجے ضیاء الدین بن محمد دین گزشتہ دنوں وفات پا گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ ان کی نماز جنازہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## رانا عطاء اللہ صاحب اور رانا ثاقب کو صدمہ

رانا عطاء اللہ صاحب کے پوتے اور رانا ثاقب کے چھوٹے بھائی محمد عمر بن نصیر احمد مورخہ 24 مئی کو اچانک ایک حادثہ میں اللہ کو پیارے ہو گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ ٹینکی والی گراؤنڈ بلال ٹاؤن میں مرحوم کی نماز جنازہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

## نصیر اختر، منور، ظفر اقبال، شکیل، جمیل اختر صاحبان کو صدمہ

مسجد مبارک اہل حدیث کے مستقل نمازی، جماعت کے بزرگ ساتھی اور نصیر اختر برادران کے والد بزرگوار حاجی عبدالحق صاحب مورخہ 14 جولائی بروز اتوار کو مختصر علالت کے بعد اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ ان کی نماز جنازہ قاری مہتاب الرحمٰن صاحب نے پڑھائی۔

## آصف اقبال، کاشف اقبال، اورنگزیب اور ارشد محمود زرگر کو صدمہ

آصف اقبال اور کاشف اقبال کے والد، اورنگزیب زرگر کے بھائی اور ارشد محمود زرگر کے کزن پرویز اختر ولد محمد یوسف مورخہ 16 جولائی کو وفات پا گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ ان کی نماز جنازہ مرکزی جنازہ گاہ میں حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

## محمد یوسف صاحب (دبئی) کو صدمہ

حافظ عبدالحمید عامر کے متحدہ عرب امارات کے دورہ کے دوران بلال ٹاؤن جہلم کے رہائشی محمد یوسف صاحب کی اہلیہ مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ دبئی میں ان کی نماز جنازہ حافظ صاحب نے پڑھائی۔ بعد ازاں ان کی میت کو جہلم لے جایا گیا۔

**ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ و مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم**

مذکورہ بالا تمام مرحومین کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور ان کی مغفرت کیلئے دعا گو ہیں۔ قارئین ''حرمین'' سے گزارش ہے کہ وہ تمام مرحومین کی بخشش کیلئے اپنی دعاؤں میں انہیں یاد رکھیں۔ آمین



© rasailojaraid.com